ممکن ہے یہ شجرۂ نسب غلط تھا۔ اس وقت تک بی بی متو کا بغیر شادی کے ہونا اور پھر نا جائز تعلقات سے لڑکے کا پیدا ہونا اور پھر والدین نے شاہ حسین لودھی سے شادی کر دینا یہ سب جھوٹ ہے۔ کیونکہ مسلمان نا جائز تعلقات کی وجہ سے بچہ کا پیدا ہونا اور پھر اسی سے شادی کر دینا کبھی برداشت نہیں کر سکتا۔ بلکہ ناد، درگور کر دیتا ہے۔ پھر شاہ حسین نے بی بی متو سے ابراہیم لودھی پیدا ہوا ہے۔ مبالغہ آمیز تحریر ہے۔ خواہ مخواہ بدنام کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ فرض کیا کہ ابراہیم کی ماں کا نام بی بی متو ہو۔ تو اس متو کا درمیانی عرصہ بہت کافی ہوگا۔ یہ وہ متو نہیں ہے۔

اسلامیہ عہدِ خلافت و بادشاہت بنی امیہ و بنی عباس

(۱) خلیفۃ اللہ حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم

(۲) خلیفۃ الرسول حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ

(۳) خلیفۃ الخلیفہ امیر المومنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ

(۴) خلیفۃ المومنین حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ

(۵) خلیفۃ الامیر المومنین حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

(۶) خلیفۃ المسلمین حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ

(۷) خلفائے امیر المسلمین بنی امیہ بنو عباس کو خلفائے امراء المسلمین کہتے تھے۔

نوٹ: حضرت امام حسن کو اپنی بیوی جعدہ بنت اشعث بن قیس کو مدینہ شریف میں یزید نے خفیہ طور پر پیام بھیجا کہ امام حسن رضی کو زہر دیدو تو میں تم سے نکاح کر لوں گا۔ اس فریب میں آکر بدنصیب جعدہ نے زہر دیدی۔ جس کے اثر سے امام حسن شہید ہو گئے۔ پھر جعدہ نے یزید کو خط لکھا کہ اپنا وعدہ پورا کرو۔ اس کے جواب میں یزید نے کہا کہ جب تم کو حسن کے نکاح میں ہی گوارا نہیں کر سکا۔ تو میں اپنے نکاح میں کس طرح گوارہ کروں گا۔

عیسائی خاندان کا شجرۂ نسب

حضرت یعقوب علیہ السلام
|
یہودا
|
سروخ — فارص — تمر — زارح

فارص
|
حصرون
|
رام یا ارم
|
امیناد ب
|
نحسون
|
سلمون
|
باعز — راہب

راہب
|
عوبید — روط

عوبید
|
الیشیؔ
|
حضرت داؤد ؑ
|
حضرت سلیمان ؑ (سُلیمان اس عورت سے پیدا ہوا جو پہلے اوریہ کی بیوی تھی)
|
رحبعام
|
ابیاہ
|
آسا
|
یہوسقط
|
ارمیاہ (یا یورام)
|
عرزاہ۔ عزباہ۔ (عزیر علیہ السلام)
|
یوتام یا یوحنا
|
بوزی کاہن آخر — کالب

بوزی کاہن آخر
|
خزقیاہ (حزقی ابن العجوز کے نام سے مشہور تھا یعنی بڑھیا کا بیٹا)
|
منسی
|
امون
|
یوسیاہ (پیدا ہوا اور گرفتار ہو کر بابل جانے کے زمانے میں یوسیاہ سے یکونیا پیدا ہوا اور اس کے بھائی)
|
یکونیا
|
سیالتی ایل
|
ازبابل
|
ابے ہود
|
الیاقیم
|
عازور
|
صدوق
|
آخیم

الیہود
|
الیعذر
|
متان
|
یعقوب
|
یوسف: اس سے حضرت مریم کا نکاح پڑھا ہوا تھا۔ لیکن ابھی کنواری تھی ان کے بطن سے حضرت عیسٰے علیہ السلام پیدا ہوئے۔ ان کو یسوع یا مسیح کہتے ہیں۔

قصی اسدی
|
عبد العزا
|
اسد
|
خویلد
|
عوام رض کی بیوی صفیہ رسول خدا کی پھوپھی تھیں۔
|
زبیر رض کی بیوی اسماء بنت ابوبکر صدیق

عمرو — عبد اللہ کی والدہ

اسماء
|
خبیب

اور عبد اللہ کی دادی محترمہ حضرت صفیہ رسول خدا کی پھوپھی تھی عوام کی بیوی تھی۔

نوٹ: جب بخت نصر نے یروشلم کو تباہ و برباد کر ڈالا اور بنی اسرائیل کے تمام مردوں، عورتوں اور بچوں کو بھیڑوں کی طرح ہانک کر لے گیا اور تورات کے تمام نسخوں کو جلا کر خاک کر دیا تھا۔ نہ کوئی تورات بچی اور نہ کوئی حافظ تھا۔ جب بابل کی قید سے نجات ملی تب عزیر ؑ نے اسرائیل کو جمع کر کے سنائی اور لکھائی۔

نوٹ: حضرت داؤد ؑ کا اصلی وطن بیت اللحم یعنی یروشلم یا قدس شریف تھا۔ اس نے سارے اسرائیل پر حکومت کی ہے۔ حبرون میں سات سال اور یروشلم پر ۳۳ سال اس طرح کل ۴۰ سال حکومت کی ہے۔ ۷۰ سال کی عمر پاکر اپنے باپ دادا کے ساتھ صیہون میں دفن ہوئے ہیں۔ حضرت داؤد ؑ کا انتقال حضرت رسولِ اکرم ؐ کی ولادت سے تقریباً ایک ہزار پانچ سو ۸۶ سال پیشتر ہوا ہے۔ حضرت داؤد نے حضرت طالوت کی بیٹی میکال سے شادی کی تھی جو اس کے باپ نے وعدہ کیا تھا کہ جو جالوط کو قتل کرے گا میں اسکو اپنی بیٹی نکاح کر دوں گا۔

نقل سندات

(۱) مہر گوربخش سنگھ — گوربخش سنگھ

دریں وقت سرور خان در حضور خالصہ جی آمدہ حاضر شد۔ دخالصہ برخدمت گاری وراستی ودیانتداری مشارٌالیہ نمودہ ازراہ توجہات موضع تاجہ والا باسم سرور خان معاف وبخشش نمودہ کہ شب وروز حاضر است وپنجم حصہ ازپیداوارش موقعہ سبز بود موزگرفتن مقررہ نمودہ شد۔
تحریر بتاریخ بست ۲۱ یکم ماہ چیت سمت ۱۸۴۳ء پنجم حصہ گوربخش سنگھ۔ بمطابق ۲۵ رمارچ ۱۷۸۵ء بمطابق ۱۳ جمادی الثانی ۱۲۰۵ھ ہجری

(۲) مہر اکالی فتح سنگھ — اکالی فتح سنگھ

عاملان حال واستقبال پرگنہ کچھی بدانند۔ چوں دریں باب ارادہ مہربانی بموجب پروانہ سابق معاملہ فصل ربیع وخریف موضع تاجہ والا ونصفی معاملہ واجبیہ ودرداہائی بہ سرور خان ودیگر انعام بالکل معاملہ چاہ شماری مشارٌالیہ درحضور فیض گنجور عطا گردیدہ مے باید کہ مزاحم نصفی ہرگز نہ خواہند شد۔ وزیادہ طلبی نخواہند ساخت تفصیل ٹکھورام بہ نویسند بقلم خود دفتر راتفاوت بہودی نہ خواہند شد تحریر تاریخ ۴ ماہ ہاڑ سمت ۱۸۰۷ مطابق ۸ راپریل ۱۸۰۲ء ۲۶ رجمادی الثانی ۱۲۲۲ھ پروانگی . . . . مکرر آنکہ زمین کاشت چاہ سرور خان معاف است

(۳) مہر ہری سنگھ — ہری سنگھ

عاملان حال واستقبال تعلقہ کچھی موضع ادرلیس والا ومیتہ لال واسس بدانند۔ چوں دریں والا بموجب پروانہ سردار مہان سنگھ سرگ باشی حق حقوق وانعام مفصل ذیل دروجہ سہراب خان پسر سرور خان ازسرکار والا عطا شدہ است کہ مشارٌالیہ دادست شد و ایچ وجہے مزاحمت بحال مشارٌالیہ نسازند۔ (۱) غلہ السہ برپختہ (۲) چہارم چیکی محصول۔ (۳) بابت دھڑت بلوخیل ۸ وال معاف۔ (۴) پنج دہنہ چاہ صرد ہنہ (۵) پنج قلبہ معاف (صہ قلبہ) (۶) برادر سہراب خان چہارم حصہ قلبہ معاف (۷) پنجرترہ موضع بلوخیل درشادی معاف
تحریر چہاردم ماہ لساکھ سمت ۱۸۸۵ بمطابق ۱۸ اپریل ۱۸۲۶ء و ۲۶ رجب ۱۲۴۷ھ۔ پروانگی حضور ڈیرہ روکھڑی

(۴) زبدۃ الاماثل والاقران سہراب خان شادکام باشد۔ شمار الازم کہ بجاطرجمع تردد کشت کار بلوخیل وغیرہ کفایندہ باشند۔ کہ آنچہ انعام ددھ کیے مردہمی ایشاں بموجب ارشادات پروانہ مقرر ومجوز است ہماں وجہ درحساب مجرائی دادہ خواہد شد۔ از ہمہ امورات بے وسواس باشند۔ ۲۷ ماہ منگھر سمت ۱۸۲۸ ڈیرہ پنڈی راول۔ بمطابق یکم دسمبر ۱۸۳۰ء و ۱۹ رصفر ۱۲۵۱ھ ہجری

(۵) حضوصیت نشان میہ لعل داسی مسرور باشد۔ چوں درینوالہ مکانات مفصل ذیل دروجہ سہراب خان پٹھان بلوخیل بابت شاہی خدمات مفت دادہ شدہ بالیہ قدیم معاف است۔ عادل شاہ پنجوترہ۔ ہرد وتقلہ۔ ڈھرال۔ نارو۔ وکسے رامزاحم شدن نخواہند موچھ والا دادلیس والہ رامزاحم شدن ندہند اندریں باب تاکید شدید است۔ پنجوترہ وخطی حوالہ سہراب خان بلوخیل کفایندہ باشندہ اندریں باب تاکید اکید است
کاتب تحریر ۵ ماہ ساون سمت ۱۸۹۱ بمطابق ۹ رجولائی ۱۸۳۳ء و ۲۷ رمضان المبارک ۱۲۵۳ھ ہجری۔ پروانگی درحضور روکھڑی

(۶) مہر ہشت آنہ — ہشت آنہ

عملان ملک کچھی وحضوصیت نشان دیوان ہیم سین مورد الطاف باشد۔ باید کہ انعام ورسوم زمیندار عزت آثار چودھری سہراب خان میانوالی ومہیدا وہم بموجب مہری پروانہ سردار صاحب سردار ہری سنگھ جی سرگہائی معاف ووا گذار دارند اندریں باب توقف نوازند۔
تحریر بتاریخ ۲۸ رماہ اسوج سمت ۱۸۹۴ بمطابق ۲ راکتوبر ۱۸۳۶ء و ۲۰ شوال ۱۲۵۶ھ ہجری۔ پروانگی حضور در روکھڑی۔

(۷) عاملان حال واستقبال پرگنہ کچھی وغیرہ بدانند۔ درینوالہ ارادہ مہربانی وتوجہات نوشتہ سابق بھائی فتح سنگھ جی ملاحظہ نمودہ ازخودہم موافق آن نصفی معاملہ واجبیہ ودرداہائی معاف کردہ شدہ ونصفی درسرکار گرفتہ شدہ باید کہ احدے مزاحمت نخواہد ساخت
تحریر ۱۱ رماہ مانگھ سمت ۱۸۹۶ بمطابق ۱۵ رجنوری ۱۸۳۹ء و ۱۳ رربیع الثانی ۱۲۵۹ھ ہجری ڈیرہ روکھڑی لقلم آمدہ

(۸) مہر سہراب خان — سہراب خان

منکہ سہراب خان وفتح خان بلوخیل ایم۔ دریں وقت بابت جرمانہ سلطان ولد اشرف خان بلوخیل بپیش شیخ صاحب جی دام اقبالہ مبلغ دو صد پنجاہ (مالکہ صہ) بلا عذر ادائی کردہ خواہیم داد۔ ایں چند حروف بطریق سند نوشتہ دادہ۔
تاریخ ۱۲ رماہ ساون سمت ۱۸۹۷ بمطابق ۲۵ رجولائی ۱۸۳۹ء ۱۲ رشوال ۱۲۵۹ھ ہجری

(۹) مہر جواہر مل — جواہر مل

نواب خان پسر سہراب خان مسرور باشد۔ منڈی باغ کالا بتاریخ بست ۲۱ یکم ماہ لساکھ سمت ۱۹۰۵

دریں وقت عالی جاہ نواب خان پسر سہراب خان افغان ساکن قصبہ میانوالی
آمدہ اظہار ساختہ کہ ازقدیم الایام ازعمل خالصہ شریف درچہ معمول رسوم آبنوشی۔ سوائی بیوپاریان والاسہ برداریاں است۔ بنا بران نظر برسوم قدیم گذشتہ۔ پیوستہ۔ داشتہ وجہ رسوم معمول بمشارٌالیہ نوشتہ دادہ وواگذار کردہ موصوفہ رامناسب وواجب است کہ بہر عنوان غور پرداخت ازچوکی وپہرہ بیوپاریان داشتہ وجہ رسوم گرفتہ باشد۔ بنابریں ایں چند حروف بطریق سند نوشتہ دادہ است۔ تحریر بتاریخ بست ۲۱ یکم ماہ لساکھ سمت ۱۹۰۵
بہر بتوجہ آب نوشی مقرر است۔ یکروپیہ چہار آنہ۔ گرفتہ باشند زیادتی نکند۔ فقط بمطابق ۲۵ راپریل ۱۸۴۷ء و ۱۳ ررجب ۱۲۶۷ھ ہجری۔

(خلاص خان) 1-3-1984

حالات = بزبانی خلاص خان (سمرابخیل)

حضرت آدم علیہ السلام کے پہلے دو بیٹے قابیل وہابیل تھے۔ ان میں سے قابیل نے ہابیل کو قتل کردیا تھا۔ یہ دنیا میں پہلا قتل ہے۔ اس کے بعد حضرت نوح علیہ السلام جو گیارہویں پشت میں ہیں۔ ان کو آدم ثانی کہا جاتا ہے۔ کیونکہ طوفانِ نوح میں تمام مخلوق غرق ہوگئی تھی۔ سوائے حضرت نوح علیہ السلام بیڑے کے۔ جس میں ہر جنس کا جوڑا جوڑا موجود تھا۔ پھر ان سے دنیا آباد ہوئی۔ اور حضرت نوح کی عمر ۹۵۰ برس تھی اس کے بعد حضرت ابراہیم علیہ السلام خلیل اللہ بت شکن تھے۔ اور ۱۷۵ برس عمر پائی تھی۔ ان کی پہلی بیوی حضرت سارہ رضی تھی۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام بتوں کو بُرا اور نکما جانتے۔ اور بتوں کو توڑنے کے جرم میں بادشاہ وقت نے ان کو آگ میں ڈالنے کا حکم دیدیا۔ جب یہ آگ میں سے صحیح وسلامت نکل آئے۔ تو پھر حضرت ابراہیمؑ نے دل میں سوچا کہ میرے قتل کرنے کے لئے تیار ہیں۔ میں یہاں سے ہجرت کر جاؤں۔ تو اس وقت حضرت ابراہیمؑ نے مصر کی طرف ہجرت کرنے کا مصمّم ارادہ کر لیا۔ جب آپ مصر میں تشریف لے گئے۔ تو خوش قسمتی سے وہاں کا حاکم ان کے خاندان سے ہی تھا۔ اس نے انکی بڑی عزت وقدر کی۔ اور اپنے پاس رکھ لیا۔ کچھ عرصہ کے بعد اپنی لڑکی ہاجرہ سے ان کی شادی کر دی۔ پھر یہ اپنے وطن واپس چلے آئے۔ مائی ہاجرہ کے بطن سے حضرت اسماعیل علیہ السلام پیدا ہوئے۔

ان کی پیدائش سے ۱۳ سال بعد مائی سارہ جو پہلی بیوی تھیں ان کی عمر ۹۲ سال تھی۔ ان کے بطن سے حضرت اسحاق علیہ السلام پیدا ہوئے۔ جس کا نام فرشتے بتا گئے تھے۔ ان کے بعد تیسری بیوی حضرت طورہ سے نکاح کیا۔ اور ان کے بطن سے ۶ بیٹے ہوئے۔ ان کو بنو طورہ کہتے تھے۔ جن کے نام اس شجرہ میں شامل ہیں۔ حضرت اسماعیلؑ کے سلسلہ نسب سے فہر جو قریش کہلایا۔ اور حضرت محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچتا ہے۔ یہ سارا خاندان حضرت اسماعیلؑ کا چلا آتا ہے۔ اور دوسرا سلسلہ نسب جو حضرت اسحاق علیہ السلام سے شروع ہوتا ہے اور اس کے بیٹے حضرت یعقوب علیہ السلام کا لقب اسرائیل تھا۔ حضرت ابراہیمؑ کے بارہ بیٹے تھے۔ ان میں یہودہ کی اولاد چار بیٹے تھے۔ ان میں سرورخ سے ابراہیمؑ لودھی ونیازی۔ خور۔ غلجہ۔ لوہانی۔ مروت کی اولاد چلی آرہی ہے۔ حضرت ابراہیمؑ کے بیٹے لاوی کی اولاد سے موسٰی وہارون کی اولاد چلی آرہی ہے۔ پھر حضرت اسحاق علیہ السلام کے سلسلہ نسب سے اکتالیسویں پُشت مُرہ المعروف عیس وراں کے بیٹے نعیم المعروف قیس عبدالرشید جو اصحاب عبدالرشید کے نام سے مشہور تھا۔ اور دوسرے خالد بن ولید کو حضرت رسول اکرم نے فتح مکہ کے بعد بتان کا لقب دیا۔ جو لفظ پتان میں تبدیل ہوگیا۔ اور بعد میں پتان کی بجائے پٹھان کے لفظ سے مشہور ہوا۔ اسکی واضح دلیل ہے۔ کہ عربی میں پ کا لفظ نہیں ہے۔ اسلئے معلوم ہوتا ہے کہ حضور نے بتان کا لفظ فرمایا ہوگا۔ باقی خدا جانتا ہے۔ نیازی خان کے تین بیٹے تھے۔ باہی خان۔ جمال خان۔ خاکی خان۔ جمال خان سے عیسٰی خیل خاندان چلتا ہے۔ اور خاکی خان سے تمام اقوام پٹھان۔ سوائے خالد بن ولید کی اولاد جو پٹھان ہیں۔ کیونکہ خالد بن ولید قریش خاندان کے بنو مخزوم سے تھے۔ اور قیس عبدالرشید بنی اسرائیل سے تھے۔ اسلئے پٹھان قریش وبنی اسرائیل دونوں خاندانوں سے ہیں۔ جب نیازی خان کی اولاد پھلی پھولی۔ تو خور۔ غلجہ۔ لوہانی ومروت ان خاندانوں کی اولاد نے نیازیوں۔ خٹک وبلچ وخاکوانیوں کو دھکیل کر بنوں۔ میانوالی۔ اٹک۔ مظفرگڑھ۔ ملتان کے اضلاع میں آباد ہوئے ہیں۔ یہ اقوام تقریباً سنہ ۱۶۰۰ء میں یہاں آکر آباد ہوئے ہیں۔ نیازی خاندانوں سے بلو خان سردار تھا۔ اس کے بعد سرور خان سردار تھا۔ جسکی خالصہ گورنمنٹ کی سندات تصدیق

کرتی ہیں۔ سرور خان کے بعد سردار سہراب و نواب خان کی بھی خالصہ گورنمنٹ کی سندات سے ثابت ہوتا ہے کہ اس علاقہ کچھی کے سردار تھے۔
ان کو چوترہ جنگلی۔ پنج دندی وصول کر کے ان کو ملتی تھی۔ باقی خالصہ گورنمنٹ کو دی جاتی تھی۔ نواب خان پسر سہراب خان کی سرداری کے
دو، تین سال گزرے ہوں گے۔ کہ دہلی میں ۱۸۵۷ء کو غدر پڑا تو انگریزوں نے اس علاقہ کے سرداروں کی طرف حکمنامے تحریر کئے کہ تم اپنی فوجیں
بنا کر لاؤ۔ اور ہماری امداد کرو۔ اور زبانی قاصد بھی بھیجے کہ ہماری جلدی امداد کرو۔ تو نواب خان نے اپنی تمام برادری بلوخیل اور اس علاقہ
کے تمام اقوام کے برگزیدہ اشخاص کو بلا کر مشورہ کیا کہ کیا کیا جائے۔ تو تمام نے بطورِ متفقہ یہ فیصلہ کیا کہ ہم انگریزوں کے گھوڑوں کی باگیں
نہیں پکڑنا چاہتے۔ اور نہ مسلمان بھائیوں کے ساتھ جا کر لڑتے ہیں۔ اسلئے صاف انکار کر دو۔ تو پھر اسی طرح انکار کر دیا۔ کہ ہم تمہاری
امداد نہیں کر سکتے۔ صرف بیلے خیل کے خاندان کے چند افراد بطور امداد دہلی پہنچے تھے۔ اور اس جنگ میں شامل ہوئے تھے۔ جس میں سرفراز خان
مارے گئے۔ اور ان کی لاش ساتھ والے وہاں سے بذریعہ چارپائے پلنگ پر اٹھا کر لائے۔ اور بلوخیل شہر میں مسجد سہراب خان والی کے
متصل کے ساتھ ایک بڑا پیپل و بیری کا درخت تھا۔ بیری کے درخت کے تنے کے ساتھ پلنگ میت والا رکھا گیا۔ اور باقی لوگ پیپل
کے سائے میں بیٹھے تھے۔ کیونکہ موسم کچھ گرم تھا۔ باقی شہر والے لوگوں کو میت کے دیکھنے کی اجازت نہ دی تھی۔ اور اس پلنگ کے پائے واقعی سنہری
معلوم ہوتے تھے۔ اس جنگ میں زخمی ہونے والوں کے خون آلودہ کپڑے بھی آج تک ان کے پاس موجود ہیں۔ حکومت برطانیہ کے ابتدائی دور
میں بلوخیل قوم کو عتاب کی نظر سے دیکھا جاتا تھا۔ کچھ عرصہ کے بعد سرور خیل خاندان سے سلطان خان کو موضع گلو گھارہ کا نمبردار اور فتح خان
سہراب خیل کو موضع بلوخیل کا نمبردار مقرر کر دیا۔ اس کے بعد ذاتی قابلیت وفاداری کی وجہ سے سلطان خان کو میانوالی کا ذیلدار مقرر کر دیا۔ اور کرسی
نشین اسیسر اہلِ جرگہ بنا دیا۔ جرگوں میں دیانتداری سچ گوئی و عدل و انصاف کو دیکھ کر گورنمنٹ نے آنریری مجسٹریٹ درجہ دوم بنا دیا،
اور خان بہادری کا لقب عطا فرمایا۔ اور دوسرا فتح خان نمبردار بھی کرسی نشین و اسیسر اہلِ جرگہ بنا دیا گیا۔ ان دونوں چچا بھتیجی نے پہلی جنگ عظیم میں
گورنمنٹ برطانیہ کو رنگروٹ و مالی امداد دیکر کافی خوشنودی کی سندات حاصل کیں۔ جو کہ آج تک موجود ہیں۔ نیازی خان سے لیکر موجودہ دور
تک یہ معزز خاندان چلا آتا ہے۔ یہ میری دعا ہے۔ کہ آئندہ بھی نیازی خاندان کی نسل کے افراد بہادر سچ گو عدل و انصاف کے افراد ثابت
ہوں گے۔ آمین۔ ثم آمین۔

دُعاگو

حاجی خلاص خان سہراب خیل

(ریٹائرڈ الیس۔ وی ٹیچر۔ ایم بی ہائی سکول میانوالی شہر)

مورخہ ۱۷ر نومبر ۱۹۸۳ء

مطابق ۱۱ر صفر ۱۴۰۴ھ

سردار سہراب خان کے شہادت کے حالات

زبانی عمر خان پسر سہراب کہتے تھے۔ کہ میری عمر اس وقت تقریباً دس گیارہ سال کی ہوگی۔ کہ رمضان المبارک کی سحری کا وقت تھا۔ اور میں اپنی والدہ کے پاس بیٹھ سویاں کھا رہا تھا۔ کہ میرا والد سہراب خان میری سوتیلی ماں کے گھر سے تیار ہوکر آیا۔ ان کے ہمراہ نوکر بھی گھوڑے پر زین کس کر لایا میرے والد نے باواز بلند میری والدہ کو پکار کر کہا کہ میں ٹوانوں کے ہمراہ شکار پر جا رہا ہوں۔ شاید مہینہ تک واپس نہ آسکوں۔ تو تم نوکر کو بھیج کر فلاں دوکاندار سے کپڑے لے لینا۔ اس وقت میری والدہ نے کہا۔ میں نے سحری کیلئے سویاں پکائی ہیں۔ تھوڑی سی کھالو۔ تو عمر خان کے ابا نے چند نوالے میرے ساتھ بیٹھ کر سویوں کے کھا کر ماشاء اللہ کہتے چلے گئے۔ ٹوانہ فتح خان چند ساتھیوں کے ہمراہ سہراب خان کو ضلع بنوں شکار کے لئے چلے گئے۔ وہاں جاکر قلعہ گلی میں رہائش رکھی۔ پھر ٹوانہ نے دھوکہ بازی سے سہراب خان کو بند کروا دیا۔ اور خود واپس چلے آئے۔ اور قلعہ والوں کو کہا۔ کہ ہمارے چلے جانے کے بعد اس کو قتل کر دینا۔ لیکن قلعہ والوں نے سہراب خان کو قتل نہ کیا۔ اور چھوڑنے کا وعدہ کیا۔ اس وقت سہراب خان نے ایک شخص کو پیغام دیا۔ کہ میانوالی جاکر خفیہ طور پر بلوخیل میں میرے گھر والوں سے کہنا کہ میں خیریت سے ہوں چند دنوں کے بعد گھر آجاؤں گا۔ اس شخص نے غداری کی۔ اور فتح خان ٹوانہ کو جا بتا دیا۔ کہ سہراب خان زندہ ہے۔ اور چند دنوں کے بعد گھر آنے والا ہے۔ اس طرح اس نے مجھے پیغام دیا ہے۔ اور میں آپ کو بتا رہا ہوں۔ اُسی وقت فتح خان ٹوانہ نے دوبارہ بنوں قلعہ گلی میں جاکر سہراب خان کو قتل کروا دیا۔ قاتلوں نے نعش کو بطور امانت دفن کر دیا۔ یہاں سے برادری کے چند آدمیوں نے جاکر پتہ لگایا۔ تو معلوم ہوا کہ سہراب خان کی نعش کو نکال کر میاں لائے۔ اور دفن کر دیا۔ اس کے بعد بلوخیل اقوام کے سرداروں نے مشورہ کیا۔ کہ ٹوانوں سے بدلہ لیا جائے۔ تو اس وقت خالصہ گورنمنٹ کو پتہ چلا۔ تو انہوں نے بلوخیلوں کو بدلہ لینے سے روک دیا۔ اور کہا کہ ہم خود بدلہ لیں گے۔ فساد کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اسی وقت خالصہ فوج نے فتح خان ٹوانہ کے قلعہ کو گھیر لیا۔ اور حکم دیا کہ فتح خان باہر آجائے۔ تو اسی وقت قلعہ کا دروازہ کھول کر فتح خان ٹوانہ نے منہ میں گھاس پکڑ کر گئو ماتا کا واسطہ دیا۔ اور معافی مانگی۔ لیکن فوج کے سردار نے فوراً تلوار کے وار کئے۔ اور قتل کر دیا۔ اس طرح خالصہ گورنمنٹ نے اپنے سردار سہراب کا بدلہ لیا اور اس کے بعد اس کا بیٹا نواب خان سردار بنایا گیا۔ قتل کی وجہ یہ تھی۔ کہ فتح خان ٹوانہ کو یہ خطرہ پیدا ہوگیا تھا۔ کہ سہراب خان میرا علاقہ چھیننا چاہتا ہے۔ اسلئے اس کو قتل کروا دیا تھا۔

(خلاص خان پوتا عمر خان۔ سہراب خیل)

رموزِ تصوف و زرّیں اقوالِ اولیائے کرام

تحریر کنندہ خلاص خان سہراب خیل ۱۔۱۔۱۹۸۰

۱۔ بیم و رجا۔ کے معانی ہیں خدا سے خوف[۱] اور وصل خدا کی خوشی اُمید[۲] کا نام ہے بیم و رجا کو اختیار نہ کرنا۔ شرک کے مترادف ہے۔ خدا کے سوا کسی غیر سے خوفزدہ نہ ہونے کا نام بیم ہے اور کسی سے توقع نہ رکھنے کا نام رجا ہے۔ لوگوں نے حضرت صالح بن عبدالکریم سے سوال کیا۔ کہ بیم و رجا میں کونسی شے بہتر ہے۔ تو آپ نے فرمایا کہ بہتر تو یہ ہے کہ دونوں ہی ہوں۔ لیکن رجا سے بیم کا پلڑا بھاری ہے۔ یہ قول حضرت ابو سلیمان کے سامنے پیش کیا۔ تو آپ نے فرمایا کہ میرے نزدیک تو تمام عبادات کا دارومدار ہی بیم پر ہے۔ کیونکہ رجا عبادت سے بے نیاز کر دیتی ہے۔ اسی لئے حضرت لقمان نے اپنے بیٹے کو یہ نصیحت کی تھی کہ خدا سے اتنا ڈرو کہ رحمت سے مایوس نہ ہو۔ اور نہ اتنی اُمید وابستہ کرو۔ کہ عذاب سے بے خوفی ہو جائے۔

۲۔ نیشاپور۔ اولیاء و فقراء کا مرکز و مسکن رہا ہے۔ مزار بو حفص۔ بو حمزہ۔ ابو عثمان۔ سعید بن سلام مغربی۔

۳۔ جسمانی موت۔ کو عدم سے تعبیر نہیں کیا جا سکتا۔ لیکن جسمانی عدم کو عدم ہی کہا جائے گا۔ وجود نہیں ہوتا۔

۴۔ منصور کا جب جسم و قلب دونوں عالم محویت میں پہنچ گئے۔ تو اس وقت منصور کی زبان سے انا الحق نکلتا تھا۔ بلکہ اس کے ہر عضو سے انا الحق نکلتا تھا۔ ایک دن سولی پر چڑھا کر دوسرے دن جلا کر اور تیسرے دن راکھ کو دریائے دجلہ میں ڈالا گیا۔ تو دریائے دجلہ میں جوش آیا۔ اور پانی ابل کر شہر بغداد کو غرق کر دیتا۔ لیکن منصور نے اپنے خادم کو وصیت کی تھی۔ کہ جب دریائے دجلہ میں جوش آئے تو میری یہ گدڑی اسکو جاکر دکھانا۔ تو اس وقت دریا جوش سے آرام کر جائے گا۔ ورنہ شہر غرق ہو جائے گا۔ خادم نے دریا کو گدڑی دکھائی۔ تو دریا آرام کر گیا۔ اور اتر گیا۔

۵۔ مشائخین کے اسرار و رمز توحید ہیں۔ کہ عین توحید اور جہاں اس کی عظمت و کبریائی ہے۔ وہاں مخلوق کا وجود و عدم دونوں برابر ہیں۔ اور جہاں توحید کا وجود ہو وہاں فانی اپنا انکار نہیں کر سکتا۔ کیونکہ اپنا انکار قدرت کا انکار ہے اور اپنا اثبات بھی اسلئے نہیں کر سکتے۔ کہ توحید میں فساد آتا ہے اس سے معلوم ہو کہ نہ مجال اثبات ہے۔ نہ مجال منفی ہے۔

(۶) اللہ تعالیٰ کا نور اپنی پناہ میں ہر شے کو لئے ہوئے یہ صدا دے رہا ہے کہ صحرائے وجود میں قدم نہ رکھنا۔ ورنہ آتش غیرت سب کو جلا کر راکھ کر دیگی

(۷) تمام ارض و سما میں تسبیح و تہلیل کی زبان تو موجود ہے۔ لیکن قلب کا وجود نہیں ہے۔ کیونکہ قلب سوائے حضرت آدم اور ان کی اولاد کے کسی کو عطا نہیں کیا گیا۔

۸۔ قلب وہ شے ہے۔ جو شہوت و لغت اور ضرورت و اختیار کی راہیں تمہارے اوپر مسدود کر دیتا ہے اور تمہارا راہب بن جاتا ہے۔ اسلئے قول کی زبان کے بجائے لسانِ قلب کی ضرورت ہے۔

نمبر ۹:- اولیاء کرام کا اعلیٰ ترین مرتبہ جہاں ختم ہوتا ہے۔ وہاں سے انبیاء علیہم السلام کا ادنیٰ مرتبہ شروع ہوتا ہے۔ یعنی جہاں اولیا کی ولایت ختم ہوتی ہے وہاں سے انبیاء علیہم السلام کی ولایت شروع ہوتی ہے۔

نمبر ۱۰:- شونیزیہ کے قبرستان میں حضرت جنید بغدادیؒ، حضرت سری سقطیؒ، حضرت جعفر خلدیؒ قبرستان بہت پرانا مشہور بغداد میں ہے۔

نمبر ۱۱:- حضرت شبلیؒ نے فرمایا تھا۔ کہ لوگوں نے منصور کو دانشور سمجھ کر سولی پر چڑھادیا اور مجھے دیوانہ سمجھ کر چھوڑ دیا۔ فرق صرف یہی ہے کہ وہ باشعور تھا۔ میں بے شعور تھا۔

نمبر ۱۲:- مسلمان کو ایمان لانے کا شکرِ نعمت ادا کرنا چاہیے۔ یعنی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نعمت کا شکر ادا کرنے کے بعد طالب جنت ہونا چاہیے کیونکہ شکر نعمت کے بغیر جنت نہیں مل سکتی۔ یعنی حضور علیہ السلام کی نعمت کا شکر ادا کرنے کے بعد طالب جنت ہونا چاہیے۔ کیونکہ شکر نعمت کے بغیر جنت نہیں مل سکتی۔ یعنی حضور علیہ السلام کی نعمت کا شکر ادا کرنے کے بعد کچھ حاصل ہو سکتا ہے۔ (ایمان لانے پر)

نمبر ۱۳:- معرفت میں فنا ہو جائے۔ کیونکہ فنائیت کے بعد ہی ذاتِ الٰہی سے آگاہی حاصل ہو سکتی ہے۔

نمبر ۱۴:- علماء کا یہ دعویٰ غلط ہے۔ کہ ہم جانشین انبیاء ہیں بلکہ درحقیقت انبیاء کے جانشین اولیاء کرام ہیں۔

نمبر ۱۵:- دین کو جتنا ضرر حریص عالم اور بے عمل زاہد سے پہنچتا ہے۔ اتنا نقصان ابلیس سے نہیں پہنچتا۔

نمبر ۱۶:- قبلے درحقیقت پانچ ہیں۔ پہلا قبلہ کعبہ شریف ہے۔ جو مسلمانوں کا قبلہ ہے۔ دوسرا بیت المقدس جو حضور کے سوا گذشتہ تمام انبیاء کا قبلہ ہے۔ تیسرا بیت المعمور یہ جو آسمانی ملائکہ کا قبلہ ہے۔ دوسرا بیت المقدس جو حضور کے سوا گذشتہ تمام انبیاء کا قبلہ ہے۔ تیسرا بیت المعمور یہ جو آسمانی ملائکہ کا قبلہ ہے۔ چہارم عرش معلّٰے یہ دعا کا قبلہ ہے۔ پنجم ذاتِ باری تعالیٰ جو جوانمردوں کا قبلہ ہے۔

نمبر ۱۷:- دانشمند لوگ نورِ قلبی کے ذریعے خدا کا مشاہدہ کرتے ہیں۔ اور دوست نورِ یقین سے دیکھتے ہیں۔ اور جوانمرد نورِ معائنہ سے مستغنی ہو کر مشاہدہ کرتے ہیں۔

نمبر ۱۸:- جو شخص دن میں تین ہزار مرتبہ مر کر زندہ ہونا چاہے۔ پھر ممکن ہے ایسی حیات جاوداں حاصل ہو جائے جس کے بعد موت نہ ہو۔

نمبر ۱۹:- جب تک راہِ خدا میں اپنی ہستی کو فنا کر لو گے تب تمہیں ایسی ہستی مل جائے گی جو فنا نہ ہو گی۔

نمبر ۲۰:- ناعاقبت اندیش ہیں وہ لوگ جو خدا کو دلیل کے ذریعہ شناخت کرنا چاہتے ہیں۔ جبکہ صرف اسی کو اسی کے کرم سے بے دلیل پہچاننے کی ضرورت ہے۔

نمبر ۲۱:- عشاق خدا کو پالینے کے بعد خود گم ہو جاتے ہیں۔ اور نورِ خدا میں مدغم ہو جاتے ہیں۔

نمبر ۲۲:- اعانت خداوندی کے بغیر انسان کو نفس امارہ سے کبھی رہائی کبھی حاصل نہیں ہو سکتی۔ اور جب تک بندہ اعتقاد و ارادے کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے دوستی حاصل نہیں کر لیتا۔ اور ماسوائے اس کے بے نیاز نہیں ہو جاتا۔ اس وقت تک نفس کے شر سے محفوظ نہیں رہ سکتا۔ اسلئے بندہ کو بڑی نعمت یہ ہے کہ نفس کی قید سے رہائی کرے۔ کیونکہ نفس ہی اللہ اور بندے کے درمیان سب سے بڑا حجاب ہے۔ اور جب تک نفس مردہ نہیں ہو جاتا۔ اس وقت تک خدا کی حقیقت معلوم نہیں ہو سکتی۔ یعنی نفس کی موت اور قلب کی حیات کے بعد ذاتِ الٰہی سے آگاہی حاصل ہو سکتی ہے۔

نمبر ۲۳:- اولیاء کرام اپنے راز و کرامات مخفی رکھتے ہیں۔ کہ راز افشاں کرنے سے صعوبتیں اور اذیتیں پہنچتی ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ کرامات سلب کر لیتا ہے۔

نمبر ۲۴:- جو محبوب کے مکان کا جاروب نہ بن سکے اس کا شمار عشاق میں نہیں ہو سکتا۔

نمبر ۲۵:- آخرت کے دروازوں میں سے موت بھی ایک دروازہ ہے۔ جس کے بغیر خدا تک رسائی ممکن نہیں۔

نمبر ۲۶:- بدنصیب ہے وہ شخص جو آخرت کو دنیا کے مقابلے میں فروخت کر دے۔ اور غافل رہے۔

نمبر ۲۷:- حق گوئی سے خاموش رہنے والا۔ گونگے شیطان کی طرح ہوتا ہے۔

نمبر ۲۸:- بادشاہوں کی صحبت سے احتراز کرو۔ کیونکہ ان کا مزاج بچوں جیسا ہوتا ہے۔ اور ان کا دبدبہ شیر جیسا ہوتا ہے۔

نمبر ۲۹:- فقرا مرنے کے بعد بھی زندہ ہوتے ہیں۔ کیونکہ خدا کے دوستوں کو کبھی موت نہیں آتی۔ جیسے انبیاء۔ اولیاء۔ شہداء ہیں۔

نمبر ۳۰:- نیکوں کی صحبت اور مقامات مقدسہ کی زیارت سے قرب الٰہی حاصل ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہزاروں بندوں میں سے صرف کسی ایک کو اپنے قرب سے نوازتا ہے۔

نمبر ۳۱:- حالات سماع میں مشاہدہ محبوب کے باعث وجد و اسرار منکشف ہونے لگتے ہیں اور صفت و موصوف کے مابین ایسا رشتہ ہے جس میں صفت پر نظر ڈالنے کے بعد محبوب ہونا پڑتا ہے۔ اور موصوف پر نظر ڈالنے والا محبوب ہو جاتا ہے۔

نمبر ۳۲:- جوانمرد وہ ہے جو دونوں عالموں میں خدا کے سوا کسی کا طالب نہ ہو۔

نمبر ۳۳:- بغداد اولیاء کرام کا مرکز رہا ہے۔ حضرت جنید بغدادی، شیخ ابوالحسن خرقانی، حضرت ابوبکر شبلی وغیرہ

نمبر ۳۴:- جب صوفی نیست ہو جاتا ہے تو اسکو خدا کے سوا نہ تو کچھ نظر آتا ہے۔ اور نہ کسی سے بات کرتا ہے۔

نمبر ۳۵:- ذاکر حقیقی کو اللہ تعالیٰ وہ نور عطا کر دیتا ہے۔ جسکے ذریعے وہ ہستی کے ذرے ذرے کا مشاہدہ کرتا ہے اور ایسی لذت سے ہمکنار ہو جاتا ہے کہ فنائیت کو ترجیح دینے لگتا ہے۔

نمبر ۳۶:- خدا تک رسائی کیلئے دو راہیں ہیں۔ اوّل نبوت دوم اتباعِ نبوت۔ لیکن نبوت کا سلسلہ تو منقطع ہو چکا۔ لہٰذا اتباعِ نبوت طالبین حق کیلئے

لازمی ہے۔ کیونکہ اتباع نبوت کے بغیر واصل الی اللہ ہونا ممکن نہیں۔ رضائے الٰہی کا طالب ہو کر خواہشات نفس کو ترک کر دے۔ ورنہ جب وقت قلب طالب میں ذرہ برابر بھی نفس و دنیا کی محبت باقی رہتی ہے۔ اسے خاصانِ خدا کا درجہ حاصل نہیں رہتا۔

نمبر ۳۷:۔ اوامر کے مشاہدے کے بعد اتباع اوامر کا نام عبودیت ہے۔

نمبر ۳۸:۔ عارفین کو وہ نور اور علم معرفت عطا کی جاتی ہے۔ جسکے ذریعے وہ عجائبات قدرت کا مشاہدہ کرتے رہتے ہیں۔ بندہ ربانی چالیس یوم تک کھانا نہیں کھاتا اور بندۂ صمدانی اسی یوم بھوکا رہتا ہے۔

نمبر ۳۹:۔ اولیائے کرام کے ماننے والے کو اللہ تعالیٰ اولیاء کرام ہی میں شامل کر دیتا ہے۔

نمبر ۴۰:۔ اہلِ محبت آتش عشق میں بھی ان لوگوں سے زیادہ خوش رہتے ہیں جو جنت کے عیش سے خوش رہتے ہیں۔

نمبر ۴۱:۔ بندہ دو نسبتوں کے مابین محصور ہے۔ ایک نسبت آدم ہے۔ جو شہوت و آفت کا موجب ہونے کی وجہ سے نسبت بشریت سے تعلق رکھتی ہے اسلئے یہ نسبت محشر میں منقطع ہو جائیگی۔ لیکن دوسری نسبت جو حق تعالیٰ سے منسلک ہے اور جس کے ذریعے کشف و ولایت حاصل ہوتی ہے۔ اس کا تعلق عبودیت سے ہے۔ اور یہ نسبت کبھی منقطع نہیں ہوتی۔ کیونکہ جب باری تعالیٰ بندے کی نسبت اپنی جانب منسوب کر لیتا ہے۔ تو پھر بندے کو کسی قسم کا خوف باقی نہیں رہتا۔ اور وہ اس آیت کا مصداق بن جاتا ہے۔ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ وَلَا أَنْتُمْ تَحْزَنُونَ ؕ

نمبر ۴۲:۔ اتباعِ سنّت سے معرفت ادائیگی فرض سے قربت اور نوافل سے محبت حاصل ہوتی ہے۔

نمبر ۴۳:۔ عبودیت کی حقیقت دو چیزوں میں منحصر ہے۔ اول یہ کہ خود کو اللہ تعالیٰ کا محتاج تصور کرو۔ کیونکہ یہی عبودیت کی بنیاد ہے اور دوسری اتباع سنت رسولؐ کیونکہ اس میں راحت نفس نہیں ہے۔

نمبر ۴۴:۔ بیم اِک آگ ہے۔ رجا نورِ منور اور محبت نورٌ علیٰ نور ہے۔ اہلِ رجا طلب سے باز نہیں آتے اور اہلِ ذکر ذکر الٰہی سے کمی نہیں ہونے دیتے۔ یہی اہل محبت کی علامت ہے۔

نمبر ۴۵:۔ حضرت شریح رحؒ نے حضرت علیؓ سے روایت کرتے ہیں۔ کہ علی نے فرمایا کہ میں نے سنا ہے رسولِ خدا سے کہ ابدال ملک شام میں ہوں گے۔ اور وہ چالیس آدمی ہوں گے۔ جب ایک فوت ہو جاتا ہے۔ تو پھر دوسرا ابدال آجاتا ہے۔ اسکی برکت سے بارش ہوتی ہے۔ اسکی برکت سے دشمن کفار پر مسلمانوں کا غلبہ ہوتا ہے۔ ان کی برکت سے دنیاوی عذاب اہلِ شام سے ہٹ جاتا ہے۔ دنیا میں نقبا تین سو، نجبا ستر۔ ابدال چالیس۔ اخیار سات۔ قطب چار اور غوث ایک ہوتا ہے۔

نمبر ۴۶:۔ حضرت حسین منصور کے منہ سے انا الحق نکلا تو سولی پر چڑھا دیا۔ اور بایزید بسطامیؒ کے منہ سے سبحانی ما اعظم شانی یعنی میں پاک ہوں۔ اور میری شان بہت بڑی ہے۔ جب وجدیت کی حالت ختم ہوئی تو مریدوں نے پوچھا کہ یہ جملہ آپ نے کیوں کہا۔ تو فرمایا کہ مجھے تو کوئی علم نہیں۔ کہ میں نے کوئی ایسا جملہ کہا ہو لیکن آئندہ اگر اس قسم کا جملہ میری زبان سے نکل جائے۔ تو مجھے قتل کر ڈالنا۔ جب دوسری دفعہ وجد میں یہ جملہ کہا۔ تو آپ کے مریدین قتل کرنے پر آمادہ ہو گئے۔ لیکن پورے مکان میں انہیں ہر طرف بایزید ہی بایزید نظر آئے۔ اور جب انہوں نے چھریاں چلانی شروع کیں۔ تو ایسا معلوم ہوتا تھا۔ کہ جیسے پانی میں چھریاں چل رہی ہوں۔ اور آپ پر قطعاً کوئی اثر نہیں ہوا۔ اگر یہی الفاظ کسی جانور یا درخت کے منہ سے نکلتے تو پھر یہ معرفت کے جاننے والے جانتے ہیں۔ لیکن شریعت کے سامنے دونوں نے سر جھکایا۔ حضرت شبلیؒ نے فرمایا کہ منصور کے منہ سے یہ الفاظ نکلے تو اسے سولی پر چڑھا گیا۔ اور میرے منہ سے یہ الفاظ نکلے تو مجھے دیوانہ سمجھ کر چھوڑ دیا گیا۔ کیونکہ وہ باشعور۔ میں لاشعور یعنی وہ عقلمند اور میں پاگل دیوانہ تھا۔

نمبر ۴۷:۔ توحید کا مطلب ایک یہ ہے۔ کہ خدا اپنی خدائی میں کسی کو شریک نہیں کرتا۔ دوسرا یہ کہ خدا اس بات کو بھی گوارا نہیں کرتا۔ کہ اسکی مخلوق کسی اور خدا یا اس کا شریک مان لے۔ تیسرا یہ کہ خدا کی سب مخلوق خدا کے لئے یکساں ہے۔ ہر شخص جس وقت چاہے خدا سے رجوع کر سکتا ہے

نمبر ۴۸:۔ مشائخ کا قول ہے کہ طریقت میں جودھواں درجہ کرامت کا ہے۔ اور اٹھارواں اسرار و رموز کا ہے۔ کیونکہ کرامت کا حصول عبادت سے متعلق ہے۔ اور اسرار و رموز کا عقل و فکر سے ہے۔

سوال نمبر ۴۹:۔ جب شقیق بلخی مکہ معظمہ پہنچے تو خیال آیا خانۂ خدا میں تلاش رزق مناسب نہیں۔ اور جب وہاں حضرت ابراہیم بن ادھم سے ملاقات ہوئی تو ان سے سوال کیا۔ کہ آپ نے حصول رزق کے لئے کیا ذریعہ اختیار کیا ہے۔ انہوں نے جواب دیا کہ اگر کچھ مل جاتا ہے۔ تو شکر کرتا ہوں اور نہیں ملتا تو صبر سے کام لیتا ہوں۔ یہ سن کر حضرت ابراہیم بن ادھم نے کہا۔ کہ واقعی آپ عظیم بزرگ ہیں۔

نمبر ۵۰:۔ حدیث شریف سے ثابت ہے کہ تسبیح یعنی مذکرہ (یاد دلانے والی) حضرت علی سے نقل کی گئی ہے۔ کہ حضور نے ارشاد فرمایا کہ تسبیح کیا ہی اچھی مذکرہ یعنی یاد دلانے والی چیز ہے۔ اسلئے حضور سے لیکر اصحاب کرام محدثین و اولیاء کرام سب نے تسبیح پڑھنے کا حکم دیا ہے۔ ہر استاد نے اپنے شاگرد کو ایک تسبیح عطا فرمائی اور اس کے پڑھنے کی اجازت بھی دی ہے۔

نمبر ۵۱:۔ مکلف وہ جو قیود شریعت کا پابند ہو۔ یعنی باشعور ہو۔ غیر مکلف وہ جو قیود شریعت سے آزاد ہو۔ یعنی لاشعور۔ پاگل۔ دیوانہ۔